امریکی حکومت کی جانب سے پاکستان کے لیے اعانت

صحت

امریکہ کی جانب سے پاکستان بھر میں عوام کی صحت میں بہتری کیلئے جدید صحت عامہ کے منصوبوں کیلئے فنڈز کی فراہمی

جب کوئی خاندان کسی مہلک بیماری سے متاثر ہوتا ہے یا کوئی عورت زچگی کے دوران تربیت یافتہ عملہ یا بنیادی ادویات کی کمی کی وجہ سے انتقال کر جاتی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ اصل مسئلہ اور خرابی صحت عامہ کے نظام میں ہے۔ صحت کی معیاری سہولتوں تک رسائی پاکستان کی بنیادی ضرورت ہے یہی وجہ ہے کہ صحت کے شعبہ میں اعانت کو امریکہ نے اپنی اولین ترجیحات میں شامل کر رکھا ہے۔

امریکہ صحت عامہ کے جدید منصوبے شروع کرنے میں حکومت پاکستان کی اعانت کیلئے پرعزم ہے تاکہ پاکستان میں صحت کی سہولتوں کے نظام کو مستحکم کیا جاسکے۔ اسی طرح امریکہ پاکستان کے ساتھ مل کر پاکستانیوں کو ایک صحت مند زندگی دینے اور انہیں اپنی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرنے میں بھی مدد کر رہا ہے۔

معیاری صحت عامہ کی سہولیات تک رسائی میں وسعت:

امریکی حکومت صحت کی معیاری سہولیات بالخصوص ماں و بچے کی صحت کو یقینی بنانے کیلئے نجی و سرکاری شعبہ میں شراکت داروں کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ صحت عامہ کے گذشتہ کامیاب پروگراموں کی روشنی میں کام کرتے ہوئے امریکہ نے 387 ملین ڈالر کی لاگت سے ماں و بچہ کی صحت کے پانچ سالہ پروگرام کا آغاز کیا تاکہ سرکاری و نجی شعبہ کی شراکت داری کے ذریعے زندگیاں بچانے کی بنیادی سہولیات و خدمات کو وسیع کیا جاسکے۔ حکومت پاکستان کی درخواست پر امریکہ وفاقی، صوبائی اور ضلعی سطح پر صحت کے محکموں کو منصوبہ بندی، بجٹ سازی اور صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی میں مدد اور راہنمائی کر رہا ہے۔

امریکہ انتہائی ضروری طبی سامان کی خریداری و تقسیم اور کارکنان صحت اور منتظمین کی تربیت میں بھی معاونت کر رہا ہے تاکہ زندگیاں بچانے کیلئے صحت کی خدمات کو بہتر اور منظم کیا جائے۔ اس اقدام کے نتیجہ میں پاکستانی طبی ماہرین اور منتظمین اس قابل ہو چکے ہیں کہ وہ صحیح وقت پر صحیح مریضوں کو صحیح سہولت فراہم کر سکیں۔

ماں بچے کی بہتر صحت کیلئے اقدامات

کلیدی منصوبے:

- صحت کی معیاری سہولیات تک رسائی میں اضافہ
- صحت کی سہولیات اور ہسپتالوں کی تعمیر
- میڈیکل سکول ٹریننگ اسٹی ٹیوٹ کا قیام

امریکی حکومت کی جانب سے پاکستان کے لیے اعانت

اسپتال اور صحت عامہ کے مراکز کی تعمیر:

امریکہ نے بالخصوص دور افتادہ علاقوں میں صحت کی معیاری سہولتوں کی دستیابی بہتر بنانے کیلئے فاٹا، خیبر پختونخوا، آزاد جموں و کشمیر اور پاکستان کے دیگر حصوں میں متعدد مراکز صحت کی تعمیر نو اور تزئین و آرائش کرنے کے ساتھ ساتھ ضروری طبی ساز و سامان فراہم کیا ہے۔ 2012 میں امریکہ نے کراچی میں 45 لاکھ ڈالر کی مالیت سے جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر میں ہسپتال کی تعمیر مکمل کی۔ 60 بستروں پر مشتمل یہ ہسپتال بلوچستان اور سندھ کی غریب گھرانوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کو نہ صرف سرجری بلکہ فسٹولا جیسے ناسور اور حمل اور زچگی سے متعلقہ بیماریوں کے علاج کی سہولت بھی فراہم کرے گا۔ یہاں ہر سال لگ بھگ 15,000 خواتین کی زندگیاں بچانے کیلئے علاج معالجہ کی سہولیات دستیاب ہوں گی۔

امریکہ شمالی سندھ اور مشرقی بلوچستان میں 10 لاکھ سے زائد پاکستانیوں کو بہتر علاج معالجہ کی خدمات کی فراہمی کیلئے جیکب آباد میں 10 ملین ڈالر کی لاگت سے 133 بستروں پر مشتمل سرکاری ہسپتال بھی تعمیر کر رہا ہے۔ ہسپتال کا الیکٹرک پاور سسٹم شمسی توانائی اور سٹینڈ بائی جنریٹر کے ساتھ ڈیزائن کیا گیا ہے تاکہ بجلی کی مسلسل فراہمی کے ذریعے ڈاکٹر، نرسیں اور دیگر طبی ماہرین زندگیاں بچانے کے حوالے سے کام بلا تعطل جاری رکھ سکیں۔

امریکہ کی جانب سے کراچی میں نو تعمیر شدہ ہسپتال

میڈیکل انسٹی ٹیوٹ اور تربیتی سکول کی تعمیر:

جناح میڈیکل سینٹر کی استعداد کار بڑھانے اور اس کو پاکستان بھر میں اعلیٰ معیار کا طبی ادارہ بنانے کیلئے امریکہ نے نیا تربیتی ادارہ تعمیر کیا ہے۔ یہ ادارہ طبی شعبہ سے وابستہ اساتذہ کو موقع فراہم کریگا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو نکھاریں اور میڈیکل کے 1,300 سے زائد طلبہ کو جدید ترین تربیت فراہم کریں۔

1,300 میڈیکل طلباء کیلئے جدید ترین تربیت

ہر روز امریکہ اور پاکستان مل کر پاکستانیوں کو صحت مند زندگی گزارنے میں مدد کیلئے کام کر رہے ہیں۔ صحت کے شعبے میں اعانت ان بہت سے اقدامات میں سے ایک ہے جو امریکہ پاکستان کے عوام کے روشن مستقبل کیلئے اٹھا رہا ہے۔ توانائی، تعلیم، معاشی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں امریکہ اور پاکستان کے اقدامات، جو پاکستانیوں کی زندگیوں میں مثبت اثرات مرتب کر رہے ہیں، کے بارے میں مزید جاننے کیلئے ویب سائٹ

http://transition.usaid.gov/pk/ ملاحظہ کریں یا ہمیں

اس پتہ پر ای میل کریں: uspakassistance@state.gov

31 مارچ 2013 تک کی معلومات